# مطبوعات

**ہوائے طیبہ** | از قاضی عبدالرحمٰن ۔ ناشر : آئینہ ادب ، چوک مینار انارکلی ، لاہور ۔ صفحات ۹۶ ۔ قیمت ۱۵/ روپے

اس کتاب کے طباعتی معیار کو دیکھ کر رشک آتا ہے ۔ یہ قاضی صاحب کے حمدیہ و نعتیہ کلام کا مجموعہ ہے ۔ قاضی صاحب نے تعلیم و تدریس میں عمر گذاری اور ۱۹۶۸ء میں بطور ہیڈ ماسٹر ریٹائر ہوئے ۔ تعارف کا ایک دلچسپ پہلو یہ ہے کہ پاکستان کے مرکز حکومت کا نام "اسلام آباد" انہی کا تجویز کردہ ہے ۔

چند سال سے نعت گوئی کا جو دَور شروع ہوا ہے اُس میں بڑی تیزی سے متعدد نعتیہ مجموعے سامنے آئے ۔ ہوائے طیبہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔

میرے سامنے ایک طرف حفیظ تائب کی یہ مطبوعہ رائے ہے کہ قاضی صاحب "مولانا ظفر علی خان کے رنگِ نعت سے متاثر ہیں اور اس مجدد نعت سے اکتسابِ فیض کرنے کی بدولت اُن کے نعتیہ کلام میں نادرہ الکلامی اور جدت و ندرت موجود ہے" ۔ احسان دانش فرماتے ہیں : "اس کتاب میں قاضی صاحب کی محبت اور عقیدت کا رنگ شعری صورت میں اظہار ہوا ہے" ۔

میری ذاتی رائے یہ ہے کہ قاضی صاحب کی نعتوں میں والہیت کا رنگ غالب ہے ۔ مثلاً "وہ آئے تو آئی بہار اللہ اللہ" ۔ حضورؐ کے کردار کی عظمتوں کی جھلک بھی ہے اور ناسازگاری احوال کی فریاد بھی ۔ حضورؐ کے در کی گدائی کا جذبہ بھی جابجا ملتا ہے ۔ خصوصاً ہندی طرز کا گیت خوب ہے ایک مصرعہ ہے :

ع "خالی ہے کشکول ، سکھی ری ! نام محمدؐ بول !"

---

**زمزمۂ حق** | حافظ محمد ظہور الحق ظہور ۔ ناشر : کتب خانہ رشیدیہ ، مدینہ مارکیٹ ، راجہ بازار ، راولپنڈی

صفحات : ۱۲۸ ۔ قیمت : ۷/ روپے

یہ کتاب پہلے کی مطبوعہ ہے اور ۱۹۷۶ء سے دفتر کے انبارِ کتب میں پڑی رہی۔

میں نے اسے پڑھا تو بہت متاثر ہوا۔ سیکولر ادبی فضا کے لحاظ سے بہت سے "غیر شاعرانہ" موضوعات پر مؤثر شاعری کی گئی ہے مثلاً علاوہ اس کے کہ خدا کی حمد و مناجات اور سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، سورۂ اخلاص کا منظوم ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ توحید کی تجلیاں بھی خوب نکھاری گئی ہیں۔ مثلاً یہ مصرعہ: "ہمارا فقط ہے خدا غوثِ اعظم"۔ ص ۳۹ سے ۶۸ تک تذکرۂ رسالتمآب ہے۔ اس نعتیہ حصے میں بھی شاعری کے قلم نے بڑی گلفشانیاں کی ہیں۔ مثلاً یہ مصرعہ: "تو عظمتِ انسان کا نگہبان نظر آیا"۔

پھر "اصحابی کالنجوم" اور "ان الدین عند اللہ الاسلام" کے باب میں ایمان پرور نظمیں ہیں۔ آخری حصہ "ارضِ پاک" کے زیرِ عنوان ہے، جس میں پاکستان کے ظہور، اس کے واقعاتِ ماضی اور مستقبل کے عزائم کا بیان ہے۔ آخری نظم ارادے کا ایک شعر ؎

جو شمعیں ہو گئیں خاموش طوفانِ حوادث سے
انہیں دل کے لہو سے پھر فروزاں کر کے چھوڑیں گے

حافظ ظہور صاحب کے اس مجموعے ہی کو نہیں، ان کے مجموعی فن کو اسلامی ادبیات میں عزت کا مقام ملنا چاہیے۔

طباعتی معیار رائج الوقت سطح سے کم تر ہے۔

---

**معروضاتِ اظہر** محمد اظہر ربال۔ ناشر: بزم شہید برادران ربال، سب پوسٹ آفس سیگل آباد، تحصیل چکوال ضلع جہلم۔ صفحات ۱۱۰۔ قیمت ۱۲/- روپے۔

شاعر اور اس کی کتاب کا تعلق تعلیمی لحاظ سے ایک پسماندہ ضلع کے ایک گاؤں سے ہے۔ میرے گاؤں کا پڑوسی گاؤں ہے، چوہدری محمد خان اظہر صاحبِ ایمان و شعور ہیں اور دلِ دردمند رکھتے ہیں وہ دو شہید بیٹوں (ضمیر و طارق منہاس) کے والد ہونے کے اعزاز سے بہرہ مند ہیں۔ دین کی محبت، ملت کے غم اور وطن کے درد نے مل جل کر ان کی شاعرانہ صلاحیتوں کو جلا دی ہے۔ انہی جذبات کا شاعرانہ اظہار اس مجموعۂ کلام میں ہے۔ افسوس ہے کہ تفصیلی تبصرہ ممکن نہیں۔ شاعر نے صدرِ پاکستان تک سے بہ خراجِ تحسین وصول کر لیا کہ "یہ نظمیں واقعی قومی فلاح و اصلاح کے درد میں ڈوب کر لکھی گئی ہیں"۔ دراصل کتاب پر ایک طویل نظم وطن کی پکار حاوی ہے، جس میں تاریخی حوادث کے بیان کے

سامنے قوم کو مستقبل کے لیے چونکایا گیا ہے۔ بقیہ دو تین نظمیں بھی اسی نظم سے ہم آہنگ ہیں۔ اختتامی نظم "التجا" (بحضور سرورِ کائنات) ہے۔ کتاب کا طباعتی معیار مصنف اور ناشر کے دور افتادہ علاقے کے لحاظ سے بہت اچھا ہے۔

---

**پاکستان کی اسلامی اساس** از پروفیسر محمود بریلوی ۔ پتہ: قیصر منزل، پلاٹ ۲۳۲/۴۲۲۳۴ سکالا بورڈ اے ایریا۔ ملیر کالونی۔ کراچی ۲۷۔ سفید کاغذ، خوبصورت ٹائیٹل، صفحات: ۳۰، قیمت ۲۰/- روپے۔

پروفیسر صاحب کی دوسری کتاب روداد پاکستان کی ہم موضوع کتاب ہے۔ تعارف کے لیے بہتر ہے سطور خود مؤلف ہی سے مستعار لیتا ہوں۔ لکھتے ہیں — "یہ امر انتہائی ضروری ہے کہ ہم نئی نسل کو پوری طرح باخبر رکھیں کہ برصغیر میں قیام پاکستان کے وقت مسلمانوں پر صرف اس لیے ظلم کیا گیا کہ وہ اسلام کے نام لیوا تھے"۔ (ص الف) پروفیسر صاحب کے پیش نظر یہ تھا کہ ایک چھوٹی سی کتاب میں "اس عظیم الشان تہذیب، اس کی تاریخ و ثقافت کی، جس کا شاخسانہ پاکستان ہے، ایک ناقابلِ فراموش جھلک نظر آسکے۔" (ص ب")

یہ کتاب دس چھوٹے ابواب میں ۱۴۰۰ سال کی مسلم تہذیب و تاریخ کو پیش کرتی ہے۔ پہلے تین باب تاریخ سندھ پر، چوتھا باب غزنوی سلاطین کے دور پر، پانچواں باب عہدِ سلاطینِ دہلی کے گیارہ فرمانرواؤں پر، چھٹا باب مغلیہ خاندان پر، ساتواں باب علوم اسلامی (قبول نبوت سے مصر و اندلس کی حکومتوں تک) پر، آٹھواں باب عجم کے ان کارناموں پر جو اسلامی عہد میں انجام پائے، نواں باب یورپ میں اندلس کے آثارِ علمیہ پر اور آخری باب فنونِ لطیفہ اور اسلام کے موضوع پر شاملِ کتاب ہیں —

صرف ایک پہلو کی نشاندہی ضروری ہے، وہ یہ کہ پروفیسر صاحب جس طرح اسلام کی تاریخ اور مسلمانوں کی تاریخ میں فرق نہیں کر سکتے۔ اسی طرح وہ فنونِ لطیفہ کی جدید مغربی اصطلاح کے مقابلے میں اسلام کے اصولی تصورات کو نمایاں نہیں کر سکتے۔ اور شاید یہ کام بہت سے لکھنے والوں کے بس کا ہے بھی نہیں۔

---

**صدیقی ٹرسٹ کے پمفلٹ** پتہ: صدیقی ٹرسٹ (رجسٹرڈ)، نسیم پلازا - لسبیلہ چوک - نشتر روڈ کراچی -

اس تبلیغی وتعلیمی اور فلاحی و اصلاحی ادارے کے شائع کردہ پمفلٹ وقتاً فوقتاً موصول ہوتے رہتے ہیں - یہ پمفلٹ مختلف اہلِ علم وقلم کے منتخب مقالات ومضامین پر مشتمل ہوتے ہیں - مجموعی طور پر بہت مفید -

فی الوقت محض پمفلٹوں کا تعارف کرانے کے بجائے میں اس ادارے کی رپورٹ اور حساب آمد و خرچ کی مدد سے اس کی مختلف خدمات کا اجمالی ذکر کرنا چاہتا ہوں - ٹرسٹ قرآن، ترجمۂ قرآن اور اسلامی نقطۂ نظر سے اچھے اچھے پمفلٹوں اور مختلف زبانوں میں ان کے ترجموں کی اشاعت کے علاوہ بعض اہم کتب خرید کر نصف قیمت پر تقسیم کرتا ہے - علاوہ ازیں دینی مدارس، طلبہ، شادی دختران، تعمیر مساجد، دارالمطالعہ کے قیام، تبلیغی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مالی امداد دیتا ہے - ۸۱ - ۸۰ کے بجٹ کی رُو سے ان مدات میں دو لاکھ سات ہزار دو سو ۴ روپے ۵۵ پیسے خرچ ہوئے -

ادارہ سے ۱۱۰ سستے پمفلٹوں کی فہرست بھی طلب کیجیے اور خرید کر بانٹیے - نیز جو تعاون کر سکتے ہوں کیجیے -

---

**تعلیم القرآن خط وکتابت سکول** پتہ: تعلیم القرآن خط وکتابت سکول - پوسٹ بکس نمبر ۱۲۱۷ - محمد نگر لاہور - ۵

ہمارے سامنے متذکرہ اسکول کے ۷ سالہ کام کی روئیداد ہے - مختصر رپورٹ یہ ہے کہ خط وکتابت کے ذریعے تعلیم القرآن کے اس ادارے نے سات سال میں ۱۰۹۵۰۹ مسلمانوں اور غیر مسلموں کو مطبوعہ اسباق روانہ کیے ہیں - جن میں سے ۵۳۹۷۳ افراد کورسز مکمل کر کے سندات حاصل کر چکے ہیں - پاکستان کے متعدد جیل خانوں میں اس اسکول کے طلبہ غائبانہ طور سے تعلیم حاصل کرتے ہیں - حتیٰ کہ امریکہ اور ہانگ کانگ تک یہ سلسلہ پھیل گیا ہے - اسباق اردو وانگریزی میں فراہم کیے جاتے ہیں - ہانگ کانگ میں چینی زبان میں ان کا ترجمہ پڑھایا جارہا ہے - پاکستان کے قیدی طلبہ کی تعداد ۲۵۰۴ درج ہے - جن میں سے ۷۰۵ کو کورس پاس کرنے پر سزا میں تخفیف ملی ہے -

حافظ نذر احمد اس نظام کے مدار المہام ہیں - شائقین ان کی طرف رجوع کریں -

**ہمارا دشمن کون ؟** محمد انور قریشی ۔ ناشر انجمن خدام اسلام پاکستان ٹاؤن شپ ۔ لاہور ۳۲۔ قیمت درج نہیں

**صنم پتھر کے** پروفیسر کمال عثمانی ۔ امیر حزب اللہ ۔ توحید روڈ کیماڑی کراچی ۔ ناشر: شعبۂ نشر و اشاعت حزب اللہ (پتہ مذکور) مفت تقسیم ۔ اس کتاب میں قبر پرستی اور متعلقہ مروجاتِ مشرکانہ کا مدلل بیان ہے ۔

**اغلاط العوام فی احکام الاسلام** چوہدری محمد سرفراز خاں ۔ موضع کالرہ گجرات کلاں ۔ صفحات ۱۵۰ ۔ قیمت درج نہیں ۔

**ماہنامہ الرائد** عربی رسالہ جو المرکز الاسلامی، مسجد بلال (آخن) اور اتحاد الطلبہ فی ادربا کی طرف سے ماہانہ شائع ہوتا ہے ۔ اچھے مقالات و مضامین کا مجموعہ ہے ۔ افتتاحیہ کے علاوہ سوالات کے جوابات بھی شائع ہوتے ہیں ۔ سالانہ چندہ یورپ اور المغرب (عربی) میں ۳۰ مارک ہے ۔ فی پرچہ ۴ مارک ۔

**سوئے منزل** مرتبہ: رضا فاروقی ۔ پتہ محبوب سبحانی ۔ الفریش ۔ فسٹ ایڈ سنٹر ۲/۴ ۱۶۲ عزیز آباد ۔ ڈھیر جھاٹا ۔ راولپنڈی ۔ صفحات ۶۴ ۔ قیمت ۔/۲ روپے

یہ دینی و اصلاحی مضامین کا مجموعہ ہے اور اس کا سلسلۂ اشاعت نمبر ۶ ہے ۔ یعنی اس طرح کے مجموعے مسلسل شائع ہوتے ہیں ۔ مجموعوں کا یہ سلسلہ ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ راولپنڈی کے زیر اہتمام چل رہا ہے ۔

**یارانِ وطن** اسلام آباد سے نکلنے والا ماہنامہ ۔ ایڈیٹر: ضیا اقبال شاہد ۔ مجلسِ مشاورت: اشفاق احمد، ضیا جالندھری، فتح محمد ملک، پریشان خٹک، کشور ناہید، صلاح الدین محمد، غلام ربانی اگرو، عطا شاد، پاکستان میں فی پرچہ ۔/۵ روپے ۔ سالانہ ۔/۵۰ روپے ۔

اس پرچے کا مقصد بیرونِ ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے ساتھ ثقافتی رابطہ قائم رکھنا ہے ۔ ان کے لیے کچھ معلوماتی مواد بھی چھپتا ہے ۔ پرچے میں ادب بہت ہے اور ثقافت اور بھی "بہت" ۔ گانے بجانے مثر کرنے کے فنونِ لطیفہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے ۔ رنگوں اور ڈیزائننگ کا زور ہے ۔ ان وجوہ سے عام ذہن کے لیے پرچہ بڑا پرکشش ہے ۔ غالباً سرکاری اہتمام سے شائع ہوتا ہے ۔

**مجلۃ العلماء** ماہانہ رسالہ زیر نگرانی مولینا گلزار احمد مظاہری، صدر علماء اکیڈیمی، منصورہ ملتان روڈ، لاہور ۔ صفحات: ۴۸ ۔ قیمت فی شمارہ ۔/۵ روپے ۔ اچھے طباعتی معیار کے اس رسالہ میں دینی و اخلاقی افادیت کے مضامین جمع ہیں ۔

**پکار** یہ اسلامی جمعیت طالبات پاکستان کا رسالہ ہے۔ اسے قوم کی نوخیز بچیاں حرکت انگیز جذباتِ اسلامی کے ساتھ مرتب کرتی ہیں۔ اور اُن کی کوششیں بہت قابلِ داد ہیں۔ اس کی مدیرہ کوثر فردوس اور نائب زہرا خانم ہیں۔

صفحات: ۴۰ ۔ قیمت: ۲/۵۰ روپے ۔ ملنے کا پتہ: ۱۹۹ ۔ شاد باغ ۔ لاہور۔

## ضروری اعلان

تفہیم القرآن کے نئے ایڈیشن پریس میں طباعت کے لیے تیار ہیں، جن اصحاب کے پاس اغلاط ہوں، وہ ادارہ کو بھجوا دیں تاکہ اغلاط کی تصیحح ہو سکے۔

ناظم

ادارہ ترجمان القرآن، اچھرہ - لاہور

## احتیاط

ترجمان القرآن میں ضرورتِ استدلال کے لیے آیات و احادیث شائع ہوتی رہتی ہیں۔ قارئین سے گذارش ہے کہ جن اوراق پر آیات و احادیث ہوں، اُن کا خاص احترام ملحوظ رکھیں تاکہ بے ادبی نہ ہونے پائے۔

(ادارہ)

تحریکِ اسلامی کا جملہ لٹریچر حاصل کرنے کے لیے رجوع کریں

پلین اسلامک پبلشرز۔ ۲/۱۳ اے شاہ عالم مارکیٹ لاہور